© rasailojaraid.com



ادارہ

# ظلمت سے نور تک

## (غیرمسلموں کا قبولِ اسلام)

### ● چناب نگر میں ۱۰ قادیانیوں کا قبولِ اسلام

چناب نگر میں ۱۰ قادیانیوں نے مرزائیت پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کر لیا۔ ان افراد کے نام یہ ہیں: رانا محمد انور ولد محمد طفیل، خالدہ پروین زوجہ رانا محمد انور، فائزہ دختر رانا محمد انور، شمائلہ، منزہ، توقیر احمد، کرامت احمد، مصطفیٰ احمد، مرزا صغیر بیگ اور مرزا افضل بیگ۔

مسجد احرار چناب نگر کے خطیب مولانا محمد مغیرہ اور مجلس احرار اسلام چناب نگر کے کارکنوں نے انہیں قبولِ اسلام پر مبارک باد دی اور ان کے لیے اسلام پر استقامت کی دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کی نصرت سے اب کثیر تعداد میں قادیانی مسلمان ہو رہے ہیں۔

### ● میر پور خاص میں ایک قادیانی کا قبول اسلام

نظیف احمد ولد نصیر احمد قوم جٹ رہائش مکان نمبر ۹۴۔ ڈی' پہنور کالونی سٹیلائٹ ٹاؤن میر پور خاص (سندھ) نے اللہ رب العزت کی توفیق سے یکم مارچ ۲۰۰۴ء کو مولانا محمد علی صدیقی کے ہاتھ پر آنجہانی مرزا غلام احمد قادیانی پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کر لیا۔

### ● فیصل آباد میں ایک قادیانی کا قبول اسلام

جناب صاحبزادہ طارق محمود کے ہاتھ پر رانا محمد رفیق خان چک نمبر ۸۸ ج۔ب ھسیانہ حال رہائش ۲۴۳ سی' آفیسر کالونی مدینہ ٹاؤن فیصل آباد نے مرزائیت پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کر لیا۔

مجلس احرار اسلام فیصل آباد کے رہنما حاجی غلام رسول نیازی اور محمد اشرف نے نو مسلموں کو مبارک دی اور اسلام پر مستحکم رہنے کی دعا کی۔

### ● لاہور میں ایک قادیانی کا قبول اسلام

محترمہ ثناء زوجہ محمد ارشد قوم صدیقی رہائش ۶۳۲ نیلم بلاک' اقبال ٹاؤن نے مرزائیت پر لعنت بھیج کر اسلام قبول کر لیا۔ مجلس احرار اسلام لاہور کے امیر چودھری محمد ظفر اقبال ایڈووکیٹ، میاں محمد اویس اور قاری محمد یوسف احرار نے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



اسلام قبول کرنے پر انہیں مبارک باد دی اور دین پر استقامت کی دعا کی۔

**● قطر: ۸ ممالک کے ۴۹ افراد نے اسلام قبول کرلیا**

دوحہ (نیٹ نیوز) قطر کے شہر دوحہ میں ۸ ممالک کے ۴۹ افراد نے اسلام قبول کرلیا۔ ان میں ۳۲ خواتین اور ۱۷ مرد شامل ہیں۔ ان افراد نے گزشتہ دنوں اسلام کی حقانیت سے متاثر ہو کر اسلام قبول کیا۔ ان میں سے ۲۰ کا تعلق فلپائن سے ہے، جن میں ۶ مرد اور ۱۴ عورتیں شامل ہیں۔ ۱۱ کا تعلق سری لنکا سے ہے، جن میں ۷ عورتیں اور ۴ مرد شامل ہیں۔ جبکہ ۷ عورتوں اور ایک مرد کا تعلق ہندوستان سے ہے۔ ۴ کا تعلق نیپال سے، ۴ عورتوں کا ایتھوپیا سے جبکہ ایک کا تھائی لینڈ سے ایک امریکہ اور ایک کا تعلق برطانیہ سے ہے۔

**● تامل ناڈو: مظالم سے تنگ آ کر سینکڑوں دلتوں کا قبولِ اسلام**

چنائی (اے پی پی) بھارتی ریاست تامل ناڈو کے ضلع ٹوٹی کرن کے ایک گاؤں میں سینکڑوں دلتوں نے اونچی ذات کے ہندوؤں کے مظالم سے تنگ آ کر اسلام قبول کرلیا۔ اچھوت کہلانے والے ان ہندوؤں نے ایک بڑی تقریب میں اجتماعی طور پر اسلام قبول کیا۔ ان میں اکثریت جنگلات سے لکڑیاں لا کر ان کا کوئلہ بناتی ہے اور پھر اسے فروخت کر دیا جاتا ہے۔

ان افراد کا کہنا ہے کہ انہوں نے اپنے آباؤ اجداد کا مذہب چھوڑ کر اس لیے اسلام قبول کیا ہے کہ یہ مذہب مساوات اور عزت و احترام کا درس دیتا ہے۔ تامل ناڈو کی حکومت نے اچھوتوں کی طرف سے مذہب کی تبدیلی کی صورت حال کو بھانپتے ہوئے مذہب کی تبدیلی کو خلافِ قانون قرار دے دیا تھا لیکن بین الاقوامی تنظیموں کی مسلسل اور شدید تنقید پر یہ متنازعہ حکم واپس لے لیا گیا۔

**● مڈغاسکر: ۸۵ غیر مسلموں نے اسلام قبول کرلیا**

انتانا ناریوو (نیٹ نیوز) مڈغاسکر میں ۸۵ افراد نے اسلام قبول کرلیا۔ اس بات کا اعلان افریقہ میں مسلمانوں کی ایک تنظیم نے کیا۔ ان افراد کا تعلق مڈغاسکر کے ایک گاؤں انساری سے ہے۔ تنظیم کے سربراہ ڈاکٹر عبدالرحمٰن سحیط نے ایک غیر ملکی خبر رساں ادارے کو بتایا کہ ان افراد کا اسلام قبول کرنا دعوت و تبلیغ کے نتیجے میں ہوا ہے۔ اسلام لانے والوں میں ۲۷ افراد اور ۵۸ خواتین شامل ہیں۔

ڈاکٹر عبدالرحمٰن کے مطابق ہماری تنظیم کے قافلے ۲۳ افریقی ممالک میں سال بھر اسلام کی تبلیغ کے لیے پھرتے رہتے ہیں۔ ان قافلوں کی تعداد ۲۰۰۰ سے زائد ہے، جن میں علماء کی تعداد ۷۰۰ ہے۔

© rasailojaraid.com